# 12-12-2024  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔سرکاری دواخانوں میں طبی خدمات کا جائزہ لینے کے لئے تشکیل دی گئی ٹاسک فورس نے اپنی رپورٹ وزیرصحت دامودھر راج نرسمہا کو پیش کردی ہے۔

۲۔چیف منسٹر ریونت ریڈی نے لاگاچرلہ واقعہ میں زیردوراں قیدی ہیریا نائک کو ہتھکڑیاں پہنا کر ہاسپٹل لے جانے کے واقعہ کی تحقیقات کا حکم دیا ہے۔

۳۔بچوں اور خواتین کی بہبود کی وزیر سیتا اکا نے کہا ہے کہ بالا امرو تم کی تیاری میں ناقص معیار کی اشیاء کے استعمال کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔

۴۔پداپلی کے رکن پارلیمنٹ گڈم ومشی کرشنا نے آج وزیر ریلوے اشونی ویشنو سے ملاقات کی اوران سے درخواست کی کہ امرت بھارت اسٹیشن اسکیم کے تحت منچریال، راما گنڈم اور پداپلی ریلوے اسٹیشنوں کی ترقی کے لئے خصوصی فنڈس منظور کریں۔

❍❍

حکومت ورنگل کے بھدرا کالی تالاب کی صفائی پر خصوصی توجہ دے رہی ہے۔ضلعی انتظامیہ ان کاموں میں تیزی لانے کے لئے اقدامات کررہا ہے۔کاموں کی انجام دہی کے لئے 10 محکموں کے عہدیداروں پر مشتمل کمیٹی تشکیل دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ریاستی وزیر پی سرینواس ریڈی نے اس سلسلہ میں عہدیداروں کوضروری ہدایات جاری کیں۔آبپاشی، کانکنی، ریونیو، مچھلی پالن، پولیس،ٹرانسپورٹ اور دیگر محکموں کے عہدیداروں پر مشتمل کمیٹی تشکیل دی جائے گی۔

❍❍

پداپلی کے رکن پارلیمنٹ گڈم ومشی کرشنا نے آج وزیر ریلوے اشونی ویشنو سے ملاقات کی اوران سے درخواست کی کہ امرت بھارت اسٹیشن اسکیم کے تحت منچریال، راما گنڈم اور پداپلی ریلوے اسٹیشنوں کی ترقی کے لئے خصوصی فنڈس منظور کریں۔انہوں نے وندے بھارت اکسپریس کو منچریال ریلوے اسٹیشن پر روکنے کی اجازت دینے کی درخواست بھی کی۔ اس درخواست پر مثبت ردِعمل ظاہر کرتے ہوئے وزیر ریلوے نے تیقن دیا کہ اس سلسلہ میں مناسب فیصلہ کیا جائے گا۔رکن پارلیمنٹ نے امید ظاہر کی کہ پداپلی حلقہ کے مسافرین کو بہتر خدمات دستیاب ہوں گی اور حلقہ کی ترقی میں مدد ملے گی۔

❍❍

وزیرٹرانسپورٹ پونم پربھاکر نے اعلان کیا ہے کہ آر ٹی سی ملازمین کی ملازمت سے متعلق مسائل کی یکسوئی کے لئے سہ رکنی کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔محکمہ لیبر اور ایمپلائمنٹ کے پرنسپل سکریٹری سنجے کمار کی قیادت میں یہ کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔آر ٹی سی کے منیجنگ ڈائرکٹر سجنار اور پرجاوانی نوڈل آفیسر دیویا اس کمیٹی کے ارکان ہیں۔یہ کمیٹی آر ٹی سی ملازمین کی برطرفی کے چند معاملات کا جائزہ لے گی۔

○○

بچوں اور خواتین کی بہبود کی وزیر سیتا اکا نے کہا ہے کہ بالا امروتم کی تیاری میں ناقص معیار کی اشیاء کے استعمال کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے ٹی جی فوڈ کارپوریشن کی کارکردگی پر اپنے عدم اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی کارروائی کے باوجود عہدیداروں کے کام کرنے کے طریقہ میں تبدیلی نہیں آرہی ہے۔ انہوں نے عہدیداروں سے کہا کہ وہ شفاف انداز میں اور غیر جانبداری کے ساتھ اپنے فرائض انجام دیں۔ انہوں نے ٹنڈر کے بغیر نامزدگی کی بنیاد پر کام منظور کئے جانے پر برہمی کا اظہار کیا۔ سیتا اکا نے کہا کہ بچوں کو سربراہ کئے جانے والے بالا امروتم کی تیاری کی بھارتی ذمہ داری فوڈ کارپوریشن پر ہے۔ انہوں نے عہدیداروں سے کہا کہ وہ ناقص اشیاء سربراہ کرنے والے کنٹراکٹرس کو نوٹس جاری کریں۔

○○

اسٹیشن گھن پور کے رکن اسمبلی کڈیم سری ہری نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت تعلیم پر خصوصی توجہ دے رہی ہے۔ انہوں نے جنگاؤں ضلع کے لنگالا گناپورم منڈل ہیڈکوارٹرس پر پرائمری ہیلتھ سنٹر کے لئے منظور کی گئی 108 ایمبولنس کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ غرباء کو بہتر طبی خدمات کی فراہمی کے لئے ریاست بھر میں پرائمری ہیلتھ سنٹرس پر قابل ڈاکٹرس کا تقرر کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسٹیشن گھن پور حلقہ میں جلد ہی ایک سو بستروں پر مشتمل ہاسپٹل تیار کیا جائے گا۔ سری ہری نے کہا کہ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے آرٹی سی کی چار ایکر زمین ہاسپٹل کے لئے الاٹ کرنے کا اعلان کیا ہے۔ اس پروگرام میں ایڈیشنل کلکٹر روہت سنگھ، مقامی عوامی نمائندوں اور عہدیداروں نے شرکت کی۔

○○

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے لاگاچرلہ واقعہ میں زیر دوراں قیدی ہیریا نائک کو ہتھکڑیاں پہنا کر ہاسپٹل لے جانے کے واقعہ کی تحقیقات کا حکم دیا ہے۔ انہوں نے عہدیداروں پر اپنی برہمی کا اظہار کرتے ہوئے پوچھا کہ آخر اس کسان کو ہتھکڑی پہنا کر لے جانے کی کیا ضرورت تھی۔ انہوں نے کہا کہ عوامی حکومت ایسے واقعات کو برداشت نہیں کرے گی۔ انہوں نے ہیریا نائک کو بہتر طبی امداد فراہم کرنے اور اس واقعہ کی تحقیقات کرکے رپورٹ پیش کرنے کا حکم دیا۔ سنگاریڈی جیل میں قید ہیریا نائک کو سینے میں درد کی شکایت کے باعث آج صبح سنگاریڈی کے گورنمنٹ ہاسپٹل لے جایا گیا۔ بعد میں انہیں بہتر علاج کے لئے نمس کو منتقل کیا گیا۔

○○

آصف آباد ضلع کے کلکٹر وینکٹیش دوترے نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ اندراماں ایلو اسکیم کے تحت کسی بھی خامی کے بغیر سروے کا کام مکمل کریں۔ انہوں نے آصف آباد منڈل کے بوروگوڑہ گاؤں جاری سروے کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے عہدیداروں سے کہا کہ وہ مستحقین کی نشاندہی کے لئے تال میل کے ساتھ کام کریں۔ انہوں نے کہا کہ اندراماں ایلو ایپ پر درخواستوں کی تفصیل، زمین سے متعلق دستاویزات اور دیگر تفصیلات میں کوئی غلطی نہیں ہونی چاہئے۔

○○

روٹری کلب کے تعاون سے کاماریڈی ضلع ہیڈکوارٹر پر سرکاری اسکولوں کی 25 طالبات میں کلکٹر آشیش سانگون نے سائیکلیں تقسیم کیں۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ سرکاری اسکولوں میں زیرتعلیم غریب طالبات میں سائیکلوں کی تقسیم قابل ستائش ہے۔اس پروگرام میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر راجو اور روٹری ورنگل سنٹرل کلب کے ارکان نے شرکت کی۔

○○

سنگاریڈی کی ڈسٹرکٹ میڈیل اینڈ ہیلتھ آفیسر گائتری دیوی نے کہا ہے کہ ضلع میں تین نئے پرائمری ہیلتھ سنٹرس منظور کئے گئے ہیں۔ چوٹاکورمنڈل کے سلطان پور، آندول منڈل کے نیریڈی کونٹا اور جراسنگم کے بردی پورم میں تین پرائمری ہیلتھ سنٹرس منظور کئے گئے ہیں۔ ان میں سے ہرایک ہیلتھ سنٹر دو کروڑ 45لاکھ روپے کی لاگت سے تعمیر کیا جائے گا۔ ہال ہی میں ریاستی وزیر صحت دامودر راج نرسمہا نے آندول منڈل میں 60 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کئے جانے والے 150 بستروں کے دواخانہ اور 43 کروڑ روپے کی لاگت سے قائم کئے جانے والے نرسنگ کالج کی عمارتوں کا سنگ بنیاد رکھا۔ان اقدامات سے سنگاریڈی ضلع کے دیہی علاقوں کی عوام کو بہتر طبی خدمات دستیاب ہوں گی۔

○○

اندراماں ایلو اسکیم کے تحت مستحقین کی نشاندہی کے لئے کئے جارہے موبائل ایپ سروے کا وقارآباد کے ضلع کلکٹر پرتیک جین نے جائزہ لیا۔کوڑنگل بلدیہ میں مکانات کے لئے درخواستیں دینے والوں کی تفصیلات کا مقامی سطح پر سروے کرنے والے عہدیدار جائزہ لے رہے ہیں اور موبائل ایپ کے ذریعہ ان کی تفصیلات اَپ لوٹ کی جارہی ہیں۔کلکٹر نے درخواست گزاروں کے مکانات کا دورہ کرتے ہوئے تفصیلات حاصل کیں۔انہوں نے عملہ کے اراکین کو ضروری ہدایات جاری کیں۔کلکٹر کے ہمراہ میونسپل کمشنر بلرام نائک بھی موجود تھے۔

○○

محبوب نگر کے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر پروین کمار نے کہا ہے کہ طلبہ کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لئے ضلع کی سطح پر سائنس فیر منعقد کیا جارہا ہے۔ انہوں نے ضلع ہیڈکوارٹر پر منعقد کئے جانے والے سائنس فیر میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ تحقیق ملک کی ترقی میں معاون ثابت ہوگی۔ضلع کی سطح پر سائنس فیر میں منتخب طلبہ کو ریاستی سطح کے سائنس فیر کے لئے چنا جائے گا۔

○○

سرکاری دواخانوں میں طبی خدمات کا جائزہ لینے کے لئے تشکیل دی گئی ٹاسک فورس نے اپنی رپورٹ وزیر صحت دامودھر راج نرسمہا کو پیش کردی ہے۔سرکاری دواخانوں میں کئے جارہے معائنوں، آگ سے بچاؤ کے لئے حفاظتی تدابیر، ادویات اور دیگر امور کا جائزہ لینے کے لئے وزیر صحت نے ٹاسک فورس تشکیل دی تھی۔ریاست کے مختلف دواخانوں کے دورہ کے بعد ٹاسک فورس نے اپنی رپورٹ پیش کردی۔ عہدیداروں نے وزیر صحت کو اپنے دورہ کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔